نیوزیلینڈ میں آپ کے قانونی درجہ کی تصدیق

آپ کو ریفیوجی سٹیٹس برانچ (آر- ایس- بی) سے ایک چھٹی موصول ہو گی جو تصدیق کرے گی کے آپ نے نیوزیلینڈ میں دعوہ برائے ریفیوجی و تحفظ دائر کیا ہے-

یہ بہت ضروری ہے کہ یہ چھٹی آپ اپنے پاس رکھیں اور جب آپ کسی دوسرے سرکاری ادارے، صحت و تعلیم مہیا کرنے والے ادارے اور خدمات مہیا کرنے والے ادارے میں جائیں تو ہمراہ لے کر جائیں-

ضروری ہو تو آر- ایس- بی ان اداروں کو جو اس کتابچہ میں درج ہیں، اس بات کی براہ راست تصدیق کر سکتا ہے کہ آپ کا درجہ ایک پناہ گزین کا ہے- ایجنسیاں آر- ایس- بی کو اس نمبر پر فون کرسکتے ہیں: 2236 928 (09) ای میل: RSB@mbie.govt.nz

ترجمانی خدمات

ایزی سپیک

ایزی سپیک عوامی شعبے میں ٹیلیفون کے زریعے ترجمانی کرنے والا مرکزی فراہم کنندہ ہے- ایزی سپیک 180 زبانوں میں 24 گھنٹے ہفتے کےساتوں دن ٹیلیفون کے زریعے ترجمانی فراہم کرتا ہے- کسی حکومتی ایجنسی یا خدمات مہیا کرنے والے ادارے بشمول امیگریشن، صحت، انلینڈ ریوینیو، انٹرنل افیرز، تعلیم، ورک اینڈ انکم، کیریرسروسز اور پولیس سے بات کرتے وقت آپ ایزی سپیک کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں-

ایزی سپیک استعمال کرنے کے لئے جب آپ ضرورت کے مطابق کسی حکومتی ایجنسی کو فون کریں یا وہاں خود جائیں تو ان کو بتائیں کہ آپ کو ' ایزی سپیک ٹیلیفون کے زریعے ترجمانی' کی ضرورت ہے اور کس زبان میں ضرورت ہے- ایزی سپیک ایک نئے ٹول فری نمبر 737 854 800 پر اور اپنی ویب سائٹ پر دستیاب ہے https://ezispeak.nz

ایزی سپیک سماجی اور نجی شعبے کو بھی، سرکاری معاہدے سے باہر، ٹیلیفون کے زریعے ترجمانی خدمات فراہم کرتے ہیں- آپ ایزی سپیک یا کسی اور ٹیلیفون کے زریعے ترجمانی کرنے والے ادارے کو استعمال کرسکتے ہیں جب آپ کسی این جی او یا ناٹ فار پروفٹ سے رابطہ کریں یا خود جائیں-

شناختی دستاویز

خدمات تک رسائی کے لئے آپ کو شناختی دستاویز (آئی- ڈی) کی ضرورت پڑے گی- عام طور پر زیادہ تر اداروں میں پاسپورٹ آپ کی شناخت متعین کرنے کے لئے کافی ہے-

سرٹیفیکیٹ برائے شناخت

اگر آپ کے پاس پاسپورٹ نہیں ہے تو آپ کو سرٹیفیکیٹ آف آئڈ نٹٹی (سی-او-آئی) امیگریشن نیوزیلینڈ (آئی-این-زیڈ) کے کسی دفتر سے حا صل کرنا پڑے گا- سی-او- آئی تب جاری کیا جاتا ہے جب آپ نے ویزے کے لئے درخواست جمع کروائی ہو اور وہ منظور ہو گئی ہو- سی-او-آئی میں آپ کی تصویر ہو گی اور دیگر سوانح عمری معلومات درج ھوں گی، جیسے آپ کا نام اور تاریخ پیدائش- آئی- این- زیڈ سی-او-آئی پر ویزا جاری کر سکتا ہے-

دیگر ایجنسیاں جیسے ورک اینڈ انکم اوربینک بھی اس سی-او-آئی کو شناحت کا ثبوت تسلیم کرلیں گے-
ویب سائٹ: www.immigration.govt.nz

ویزا

اپنے دعوے کی حیثیت کا انتظار کرنے کے دوران، آپ اپنی ضرورت کے مطابق مناسب ویزے ، وزیٹر ویزا، ورک ویزا، سٹوڈنٹ ویزا، یا محدود ویزا کے لئے درخواست دے سکتے ہیں- مزید معلومات کے لئے امیگریشن کے متعلقہ سیکشن میں دی گئی ہدایات سے رجوع کریں-
E8.10 Temporary visas for refugee or protection status claimants

رہائشی پتہ

بیشتر حکومتی ایجنسیاں اور خدماتی اداروں کو (جیسے بینک، الیکٹرسٹی اور انٹرنٹ کمپنیاں) آپ کے رہائشی پتہ کے ثبوت کی ضرورت ہوتی ہے- یہ ایک سرکاری خط ہو سکتا ہے جو آپ کو بھیجا گیا ہو- مثال کے طور پر ریفیوجی سٹیٹس برانچ کا وہ خط جس میں تصدیق کی گئی ہو کہ آپ نے دعوہ دائر کیا ہے- اگر آپ کے پاس کوئی ایسا سرکاری خط نہ ہو جس پر آپ کا درست پتہ لکھا ہو تو آپ آر- ایس - بی سے طلب کر سکتے ہیں-

رہائش

اگر آپ رہنے کی جگہ تلاش کرنا چاہتے ہیں تو بہت سے مقامی اخبارات کرایہ کی رہائش مشتہر کرتے ہیں- کوئی "فلیٹ" یا کسی گھر میں ایک کمرہ - ٹریڈ می پر بھی کرایہ کی رہائش ہوتی ہیں- (- آپ کی مقامی سپر
ww.trademe.co.nz) مارکیٹ، ائبریری، یا عوامی مرکز میں ایک نوٹس
بورڈ ہو سکتا ہے جہاں لوگ کرایہ کے فلیٹ یا کمرہ کی تشہیر کرتے ہیں- پراپرٹی ایجنٹ اور کرایہ داری ایجنٹ آپ کو رہائش ڈھونڈنے میں مدد دے سکتے ہیں- وہ آپ سے اس خدمت کا معاوضہ لیں گے- اگر آپ کو رہائش تلاش کرنے میں مشکل پیش آرہی ہو تو ورک اینڈ انکم سے
رجوع کریں : www.workandincome.govt.nz

بینک

آپ کو ایک بینک اکاؤنٹ ٹیکس کے مقاصد اور تنخواہ یا آمدنی موصول کرنے کے لئے کھولنا ہو گا- بیشتر بینکوں کا مطالبہ ہوتا ہے

- دو قسم کی شکل میں شناخت ہونی چاہئےجیسے پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس، پیدائش کا سرٹیفیکیٹ اور
- آپ کے رہائشی پتہ کا ثبوت جیسے کسی حکومتی ایجنسی یا کسی سہولیاتی ادارے (جیسے بجلی کی کمپنی) سے موصول شدہ خط -

اپنے مقامی بینک یا جہاں آپ کام کرتے ہوں وہاں کے قریبی بینک میں اکاونٹ کھولیں-

انلینڈ ریوینیو

نیو زیلینڈ میں کام کرنے کے لئے یا ورک اینڈ انکم سے امداد پانے کے لئے آپ کو انلینڈ ریوینیو (آئی آر) سے ٹیکس نمبر کی ضرورت ہو گی -
آی آر نمبر حاصل کرنے کے لئےIR595 فارم پر کریں- اس فارم کی کاپی حاصل کرنے کے لئے 0800257773 پر رابطہ کریں، یا ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں -

IR 595کو اور اپنے پاسپورٹ اور رہائشی پتہ کے ثبوت کے ساتھ اپنے قریب ترین آئی آر کے قریب ترین دفتر جائیں - آپ کے دستاویز کی تصدیق کے بعد آپ کو ٹیکس نمبر مل جاے گا-

ویب سائٹ: www.ird.govt.nz
فری فون: 0800 377 774

ملازمت

اگرآپ کو ورک ویزا جاری کیا گیا ہو، اگرچہ آپ کا دعوہ برائے ریفیوجی و تحفظ زیرعمل ہو تو آپ نیو زیلینڈ میں کام کر سکتے ہیں- بہت سی ایسی جگہیں ہیں جہا ں ملازمت تلاش کی جا سکتی ہے،جیسے اخبارات اور آن لائن -

ویب سائٹ

زیادہ تر ملازمت آن لائن مشتہر کی جاتی ہے، بہت سی کار آمد ویب سائٹز ہیں جہاں آپ خطے، قسم، اور آپنی کی مہارت اور قابلیت کے مطبق ملازمت تلاش کر سکتے ہیں- کچھ
مقبول ویب سائٹز یہ ہیں : www.seek.co.nz; www.trademejobs.co.nz

اخبارات

اخبارات میں عام طور پر نوکریوں کو "اسامیاں خالی" (سچویشن ویکینٹ) کہا جاتا ہے۔ اور 'درجہ بند اشتہارات' والے حصہ میں ایسی اخبارات میں شائع ہوتے جیسے ' دی نیوزیلینڈ ہیرلڈ '
www.nzherald.co.nz; 'The New Zealand Herald'

حکومتی ایجنسیاں

پیشاورانہ خدمات اور ورک اینڈ انکم آپ کو عملی مشورے کے ذریعہ ملازمت ڈھونڈنے میں مدد کر سکتے هیں۔ جیسے کہ: ورک شاپس، تربیت کے مواقع، نوکریوں کی فہرستیں، تلاش ملازمت کی تربیت، اور نصابی کوائف لکھنے کے انداز(سی وی)۔ ان کی ویبسایٹ ملاحظہ کریں:
پیشاورانہ خدمات : www.career.govt.nz
ورک اینڈ انکم : www.workandincome.govt.nz

مالیاتی امداد

اگر آپ کے پاس قانونی طور پر اور حالیہ جاری کردہ ویزا ہے تو آپ ورک اینڈ انکم نیوزیلینڈ سے 'ایمرجنسی بینیفٹ' (ہنگامی مالیاتی امداد) کے اہل ہو سکتے ہیں جب تک آپ کا دعوہ زیر عمل ہے۔

آپ کو اپنی رہائش کے قریبی ورک اینڈ انکم کے دفتر میں کسی کیس منیجر سے ملاقات کا وقت لینا پڑے گا۔

مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی ورک اینڈ انکم کے دفتر جائیں یا اس ٹیلیفون پر رابطہ کریں: 0800 559 009 ،یا ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں :
www.workandincome.govt.nz اگر آپ انگریزی نہیں بول سکتے یا کم بولتے ہیں تو ورک اینڈ انکم مندرجہ زیل زبانوں میں معلومات فراہم کرتا ہے:

> مینڈرن: 0800 661 001

> کینٹونیز: 0800 664 004

> ہندی : 0800 993 003

> فارسی: 0800 996 006

> خائمر: 0800 994 004

> پنجابی: 0800 995 005

تعلیم

انگریزی اسباق

آپ انگریزی زبان کی کلاسوں میں شرکت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

بہت سے ایسےادارے ھیں جو انگریزی زبان سکھانے کے کورس، جن میں ٹرشری انسٹیٹیوشنز، سیکنڈری سکول، گھر پر ٹیوشن اورسماجی تعلیمی مرکز شامل ھیں۔ آپ کو ان کورسز میں شرکت کے لئے فیس ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔

آپ کے ریفیوجی و تحفظ کے دعوے کے دوران اگر آپ کو ورک ویزا جاری ھوا ہے تو آپ کو صرف انگریزی بطور دوسری زبان سیکھنے کے کورس میں شمولیت کی اجازت ہے۔ کسی اور نصاب میں شمولیت کی نہیں۔

مزید معلومات کے لیے دیکھیے: ٹرشری ایجوکیشن کمشن
www.tec.govt.nz ('تالش کیجیئے 'ای ایس او ایل سٹوڈنٹز)
' یا / اور 'شرکاء انگریزی زبان'
https://englishlanguage.org.nz/

پرائمری اور سیکنڈری اسکول

6 سال سے 16 سال کی عمر کے تمام بچوں کیلئے نیوزیلینڈ میں اسکول جانا لازمی ہے۔ پناہ گزینوں کے بچوں کیلئے عام طور پر اسٹوڈنٹ ویزا جاری کیا جاتا ہے۔

صحت

نیوزیلینڈ میں عوامی نظام صحت موجود ہے جس کے تحت امدادی طبی نگہداشت میسر ہے۔ پناہ گزین بھی اس کے اہل ہیں۔

ڈاکٹر سے ملاقات کی فیس مختلف ہے اور آپ کی عمر، محل وقوع، اور ذاتی صورت حال پر منحصرہے۔ 13 سال تک کی عمر کے بچوں کے لئے ڈاکٹر سے ملاقات مفت ہے۔

امدادی طبی نگہداشت کے اہل ہونے کے لیے آپ جب کلینک یا ہسپتال جائیں تو ریفیوجی سٹیٹس برانچ کی وہ چٹھی جس میں واضح کیا گیا ہو کہ آپ نے درخواست برائے ریفیوجی یا محفوظ انسان دائر کی ھوئی ہے، اپنے ہمراہ لے جائیں۔

ہسپتال اور عوامی طبی خدمات کے مرکز ضرورت پڑنے پر ترجمان مہیا کریں گے ۔ آپ کو ان سے جانے سے پہلے ہی رابطہ کرنا چاہئے۔

ھنگامی طبی امداد

ھنگامی صورت حال میں آپ ٹیلیفون پر 111 سے رابطہ کر کے ہسپتال جانے کے لیے ایمبولینس بلوا سکتے ہیں، یا آپ سیدھے اپنے گھر سے قریبی ھسپتال جا سکتے ہیں۔

معاون ادارے

کئی ایسے ادارے ہیں جو معاونی خدمات پیش کرتے ھیں جن تک رسائی پناہ گزینوں کو میسر ہے۔

پناہ گزینوں کی معاون ٹرسٹ

یہ ادارہ تمام پناہ گزینوں کو رہائشی حمایت، کھانا ، لباس ، ٹرانسپورٹ اور مشورے فراہم کرتا ہے۔

ویب سائٹ: http://www.asst.org.nz/

ای میل : info@asst.org.nz

ٹیلیفون: 3787434 (09)

ریفیوجی کونسل آف نیوزیلینڈ

یہ قومی ادارہ پناہ گزینوں کو اطالعات، مشورے، اور امداد فراہم کرتا ہے۔

ای میل: info@rc.org.nz:

ویب سائٹ: http://www.rc.org.nz/

بیلونگ آوٹیروا۔

یہ اطلاعات اور مشورے فراہم کرتے ہیں، اور دیگر کمیونٹی گروپس اور تنظیموں کو مدد کے لئے حوالہ دیتے ہیں۔

ویب سائٹ: https://www.belong.org.nz/

ریفیوجیز ایز سروائورز

مفت ذہنی صحت اور تندرستی میں مدد فراہم کرتے ہیں بشمول مشاورت اور جسمانی تھراپی ۔

ویب سائٹ: http://www.rasnz.org.nz/

ای میل admin@rasnz.org.nz

کمیونیٹی لا

انونی مسائل حل کرنے کے لئے ابتدائی قانونی مشاورت مفقت فراہم کرتے ہیں۔

ویب سائٹ: https://www.communitylaw.org.nz/

سٹیزن ایڈوائس بیورو

مفت اطالعات، مشورے، اور امداد فراہم کرتا ہے۔

ویب سائٹ: http://www.cab.org.nz/

نیوزیلینڈ ریڈ کراس

نیوزیلینڈ ریڈ کراس کے پاس ریفیوجي اور پناہ پناہ گزینوں کے لئے کئی معاونی خدمات موجود ہیں جن میں 'مالزمت کی راہ' پروگرام شلمل - ہے، جو کچھ پناہ گزینوں کے لئے میسر ہو سکتا ہے۔

www.redcross.org.nz دیکھیے۔

پناه گزینوں کیلئے خدمات

اوکلینڈ

اس کتابچہ میں وہ امداد اور خدمات کے بارے میں معلومات درج ہیں جو ان لوگوں کو میسر ہیں جو نیو زیلینڈ میں ریفیوجی یا محفوظ انسان کا درجہ حاصل کرنا چاھتے ھوں۔ جنہیں "پناہ گزین" کہا جاتا ہے۔

Page 1 in Urdu corresponds to the page starting with: 'Confirmation of your status in New Zealand' and ends with 'www.immigration.govt.nz'

Page 2 in Urdu corresponds to the page starting with: 'VISAS' and ending with Free phone: 0800 377 774

Page 3 in Urdu corresponds to the page starting with: 'EMPLOYMENT' ending with Punjabi 0800 995 005

Page 4 in Urdu corresponds to the page starting with: 'EDUCATION' ending : 'hospital closest to your home'

Page 5 in Urdu corresponds to the page starting with: 'Support Agencies' ending with: www.redcross.org.nz

Page 6 is the cover: Services for Asylum Seekers